Semester IV Group 'C'

صحیح البہاری

مولانا ظفر الدین بہاری الحنفی کی سب سے اہم نفع مند اور بہتر تالیف حدیث کا وہ مجموعہ ہے جس کا نام انہوں نے صحیح البخاری کے وزن پر اور طرز پر اپنے وطن کے نام سے صحیح البہاری رکھا ہے۔ صحیح البہاری مکمل چھ جلدوں میں ہے پہلی جلد عقائد پر ہے۔ دوسری جلد طہارت میں تیسری زکوٰۃ، روزہ اور حج کے بیان میں ہے۔ چوتھی جلد نکاح اور طلاق پر ہے جب کہ پانچویں جلد قضاء اور شہادت میں ہے۔ چھٹی جلد میں ذراعت اور دین سے متعلق حدیثوں کے بیان میں ہے۔

مؤلف صحیح البہاری کا یہ بڑا کارنامہ ہے کہ انہوں نے بڑی محنت، عرق ریزی اور جدوجہد سے غور و فکر کر کے حدیث کے تمام ذخیروں میں جہاں بین سے کام لیا اور زندگی کے تمام مسائل سے متعلق ان حدیثوں کو جمع کیا جو اہل سنت والجماعت کے عقائد کی تائید کرتی ہیں۔

اور امام اعظم ابو حنیفہ کے فقہ کی بنیاد ہیں۔ مؤلف نے
پہلے تمام حدیثوں کو جمع کیا پھر انکو ترتیب دیا اسکے بعد
ہر باب اور مسئلہ سے متعلق حدیثوں کو الگ الگ باب میں
رکھا
صحیح البہاری کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ اس کی
تالیف کرنے والے مولانا ظفر الدین بہاری کو علوم
اسلامیہ میں بہت بصیرت اور قابلیت تھی اور ان کو
حدیث کا بڑا گہرا مطالعہ تھا۔ انہوں نے ایک تنقیدی ذہن
پایا تھا۔ اپنے تنقیدی ذہن کے سہارے حدیث کی روایتوں
اور اسناد میں غور و فکر سے کام لیا اور جو حدیث بھی
مستند اور صحت کے معیار پر اتری انکو اپنے عقیدہ کی تائید
کے لئے اپنی تالیف میں جمع کیا اس کام کو انہوں نے بڑی
دلچسپی سے کیا یہاں تک کہ دھیرے دھیرے صحیح بہاری کی چھ
جلدیں مکمل ہو گئی یہی وجہ ہے کہ انکا شمار بڑے بڑے علماء میں
ہوتا ہے۔
مولانا ظفر الدین کی پیدائش محرم کے مہینہ میں ۱۳۵۳ھ
میں ہوئی اور ان کی وفات جمادی الاخر ۱۳۸۲ھ میں ہوئی۔